© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبار الاحرار

## زکریا یونیورسٹی ملتان میں توہین رسالت کے مرتکب جنید حفیظ کو عبرتناک سزا دی جائے

(ملتان ۲۲ / مارچ) مجلس احرار اسلام پاکستان کے نائب امیر سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان انگلش ڈیپارٹمنٹ کے وزیٹنگ لیکچرر جنید حفیظ نے اپنی فیس بک پر توہین رسالت کا ارتکاب کیا ہے اس پر دہشت گردی عدالت میں مقدمہ چلایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ علماء اور وکلاء پر مشتمل مشترکہ کمیٹی کو ایف آئی آر نہیں دی جارہی۔ ڈی سی او ملتان اس کمیٹی کو ایف آئی آر جلد از جلد مہیا کریں۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ ملزم کے خلاف 295/c کے تحت مقدمہ درج ہوگیا ہے اور ملزم گرفتار ہے لیکن اسے چھپایا جارہا ہے کمیٹی کو باخبر کیا جائے کہ ملزم کہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ خطرہ ہے کہ سابقہ واقعات کے پیش نظر ملزم کو غیر ملکی دباؤ کے زیر اثر ملک سے فرار نہ کروا دیا جائے۔ انھوں نے کہا کہ ملک میں موجود سیکولر فاشسٹوں کی سرپرستی اور ان کے ایماء پر آئے روز شعائر اللہ اور جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کی توہین کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی میں موجود سیکولر فاشسٹوں کے ذریعے غیر ملکی لابی کے ایماء پر یورپین کلچر کو فروغ دیا جارہا ہے۔ اور ہمارے نوجوانوں کو اسلام سے دور کیا جارہا ہے۔

## حکومت قادیانیت نوازی ترک کردے: مجلس احرارِ اسلام
## پیپلز پارٹی بھٹو کے تحفظِ ختمِ نبوت کے کردار کو فراموش کرچکی ہے: مقررین کا خطاب

لاہور (۳ / مارچ) مجلس احرارِ اسلام کے زیرِ اہتمام تحریکِ ختمِ نبوّت ۱۹۵۳ء کے شہدا کی یاد میں حضرت مولانا سید عطاء المہیمن بخاری کی زیرِ صدارت سالانہ شہدا ختمِ نبوّت کانفرنس ہوئی۔ تنظیمِ اسلامی پاکستان کے امیر حافظ عاکف سعید، جمعیت علما اسلام (س) کے سیکرٹری جنرل مولانا عبدالرؤف فاروقی، مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے نائب امیر پروفیسر خالد شبیر احمد، سید محمد کفیل بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، قاری محمد یوسف احرار، جماعت اسلامی پاکستان کے ڈپٹی سیکرٹری فرید احمد پراچہ، جمعیت علما اسلام (ف) کے سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد امجد خان اور دیگر مقررین نے انتباہ کیا ہے کہ حکومت قادیانیت نوازی ترک کردے، قادیانیوں سے ہمدردی رکھنے والے سیاست دان ملک وملّت کے وفادار نہیں ہوسکتے۔ پیپلز پارٹی بھٹو مرحوم کے تحفظِ ختمِ نبوّت کے کردار کو فراموش کرچکی ہے۔ کانفرنس کی قراردادوں میں مطالبہ کیا گیا کہ ارتداد کی شرعی سزا نافذ کی جائے، امتناع قادیانیت ایکٹ پر مؤثر عمل درآمد کروایا جائے۔ قادیانیوں کو کلیدی عہدوں سے ہٹایا جائے۔ یہ ملک کے خلاف سازشوں میں مصروف ہیں۔

## تحفظِ ختم نبوت کانفرنس، تلہ گنگ

تلہ گنگ (۱۵ / فروری) مجلس احرار اسلام کراچی کے رہنما اور مولانا گل شیر شہیدؒ کے جانشین مفتی ہارون مطیع اللہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نے مسجد ابوبکر صدیقؓ تلہ گنگ میں ختم نبوت کانفرنس کے سلسلے میں اجتماع جمعہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ختم نبوت دین کی اساس ہے۔ جس کے لیے شہدائے ختم نبوت نے اپنا خون دے کر عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کا حق ادا کیا۔ اگر قادیانی فتنے کے آگے دس ہزار شہداء سینہ تان کر نہ کھڑے ہوتے تو کوئی دنیاوی طاقت پاکستان کو قادیانی سٹیٹ بننے سے نہ بچا سکتی۔ انھوں نے کہا کہ یہ مجلس احرار اسلام کے بزرگوں اور کارکنوں کا صرف پاکستان ہی نہیں بلکہ امت مسلمہ پر احسانِ عظیم ہے کہ انھوں نے اس فتنۂ ضالہ کی مذموم سازشوں کا بروقت ادراک کیا اور تمام عالم اسلام کو خبردار کر کے اِن کے بڑھتے ہوئے ارتدادی ہتھکنڈوں کے آگے آہنی دیوار کھڑی کر دی۔ قانون امتناع قادیانیت اور قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دیا جانا، اُن کی پرخلوص قربانیوں کا ہی نتیجہ ہے۔ مفتی ہارون مطیع اللہ نے کہا کہ میں اکابر احرار کے جانشینوں فرزندان امیر شریعت کو سلام پیش کرتا ہوں کہ جنھوں نے کڑے سے کڑے وقت میں بھی اپنے قابل فخر اسلاف کی روایات کی پاسبانی کرتے ہوئے جرأت و دلاوری کی تاریخ رقم کی۔ انھوں نے ملک میں حالیہ علماء کرام کے قتل کے پے در پے واقعات کی شدید مذمت کی اور تمام دینی قوتوں سے اپیل کی کہ وہ باہم اختلافات کو ختم کرتے ہوئے دین کی سربلندی کے یک نکاتی ایجنڈے پر متحد ہو کر دشمن کے عزائم کو ناکام بنا دیں۔ ورنہ لادین قوتیں علماء کے خون سے ہاتھ رنگتی رہیں گی اور ہمارا اِنتشار ہماری تباہی کا باعث بنتا رہے گا۔ مفتی ہارون مطیع اللہ نے مسجد حسینینؓ میں بھی خطاب کیا۔ وہ کئی دن تک تلہ گنگ میں قیام پذیر رہے۔ انھوں نے فہم ختم نبوت خط کتابت کورس کے شعبہ جات کا معائنہ کیا اور مختلف حلقۂ زندگی سے متعلق افراد سے تبادلۂ خیالات کرنے کے بعد وہ چیچا وطنی کے دورہ پر روانہ ہو گئے۔

## قادیانی جماعت سب سے بڑی ٹیکس نادہندہ نکلی

## انجمن احمدیہ کے خلاف 129 ارب روپے کی ٹیکس چوری کا مقدمہ لاہور ہائی کورٹ میں زیر سماعت ہے

اسلام آباد (وقائع نگار) پاکستان کی تاریخ کا 129 ارب روپے کی سب سے بڑی ٹیکس چوری کا مقدمہ لاہور ہائی کورٹ میں تحریک جدید انجمن احمدیہ چناب نگر کے خلاف موجود ہے۔ قادیانیوں کی یہ تنظیم ملک کی سب سے بڑی ٹیکس چور تنظیم نکلی ہے۔ ایف بی آر نے ملک کی مختلف عدالتوں میں 225 ارب روپے کی ٹیکس چوری کے 351 مقدمات دائر کیے ہیں جن سے 129 ارب روپے کی ٹیکس ادائیگی قادیانیوں کی تنظیم کے ذمے ہے۔ فیصل آباد کے ریجنل ٹیکس ہیڈ آفس (آر ٹی او) نے صدر انجمن احمدیہ چناب نگر (ربوہ) سے انکم ٹیکس آرڈیننس کی شق (5A)125 کے تحت 64.639 ارب روپے کا ٹیکس طلب کیا، جس پر لاہور ہائی کورٹ نے 29 رمئی 2012ء کو حکم امتناعی جاری کیا، لیکن آر ٹی او فیصل آباد قادیانی انجمن کو ٹیکس سے استثنٰی دینے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ٹیکس کی رقم بہت بڑی ہے اسے معاف نہیں کیا جا سکتا۔ قادیانی انجمن نے یہ رقم مزید ایک سال ادا نہیں کی جس سے یہ بڑھ کر تقریباً 129 ارب روپے ہو گئی ہے۔ اس سال قومی خزانے میں محاصل کی مد میں بہت کم آمدنی ہوئی ہے۔ واضح رہے کہ 129 ارب روپے کا ٹیکس کم از کم 500 سے 660 ارب روپے کی آمدنی پر لگتا ہے۔ (روزنامہ امت، کراچی 25 رمارچ 2013)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## سید محمد کفیل بخاری کے تبلیغی و تنظیمی اسفار

۳/مارچ، اتوار، سالانہ ختم نبوت کانفرنس لاہور میں شرکت وخطاب

۷/مارچ، جمعرات، خطاب بعد ظہر، مدرسہ فاروقِ اعظم، موضع کلیار، روڈو سلطان

۱۰/مارچ، اتوار، شرکت وخطاب اجتماع، بیادمولانا قاری عبدالحی عابد رحمۃ اللہ علیہ مدنی مسجد، غازی آبادلاہور

۱۷/مارچ، بعد ظہر خانقاہ احمدیہ، مجددیہ، سراجیہ، دادڑہ بالا، ہڑپہ میں صاحبزادہ رشید احمد صاحب کی دعوت پر حاضری وخطاب

۲۰/مارچ، بدھ، خطاب بعد نمازِ ظہر، جامع مسجد صدیق اکبر، کھنّی اڈہ، نزد چوک سرور شہید

۲۲/مارچ، جمعہ بعد نمازِ عشاء، خطاب اجتماع، جلہ جیم، تحصیل میلسی، ضلع وہاڑی

۲۴/مارچ، قبل ازظہر ملاقات شیخ الحدیث مولانا عبدالمجید مدظلہٗ، چوک سرور شہید

۲۴/مارچ، اتوار، خطاب بعد نمازِ ظہر، مسجد ختم نبوت، پیر جگی موڑ، چک نمبر 516/TDA

۲۹/مارچ، سالانہ شہدائے ختم نبوت کانفرنس، چناب نگر، قبل از نماز جمعہ خطاب

۲۹/مارچ، بعد نمازِ عشاء کھنب کہنہ نزد ڈڈرانجھہ میں خطاب

۳۰/مارچ قیام مرکزی دفتر مجلس احرار اسلام لاہور، ملاقات ومشاورت احباب

۳۱/مارچ، چیچہ وطنی، مرکزی ناظم اعلیٰ جناب عبداللطیف خالد چیمہ اور کارکنان احرار سے ملاقات ومشاورت

نئی کتابیں

سیّدی وَ اَبی
(اضافہ شدہ ایڈیشن)
حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے سوانح وافکار اور جیل سے لکھے گئے بیٹی کے نام خطوط
تاریخی واقعات، ذاتی یادداشتیں، عظیم شخصیات کا تذکرہ
ایک عظیم بیٹی کا اپنے عظیم باپ کو خراج عقیدت



مصنفہ
بنتِ امیر شریعت سیدہ اُم کفیل بخاری رحمۃ اللہ علیہا
صفحات: 336
قیمت:-/400 روپے

مضامینِ راحیل
مشہور سابق قادیانی شیخ راحیل احمدؒ کے اسلام قبول کرنے کے بعد آپ بیتی، تاثرات، مرزا مسرور احمد کے نام خطوط، تاریخی انٹرویوز اور قادیانیوں کو دعوت اسلام پر مشتمل مضامین کا مجموعہ
ترتیب محمد عامر اعوان/انیف کاشر
صفحات: 744 • قیمت:-/700 روپے
ناشر: احرار فاؤنڈیشن پاکستان، 69-سی نیو مسلم ٹاؤن لاہور

ملنے کے پتے
راوی پبلشرز، الفضل مارکیٹ اردو بازار لاہور: 0345-4233071
رویم پبلشرز، الفضل مارکیٹ اردو بازار لاہور: 0300-9480356
مکتبہ معاویہ جامع مسجد روڈ چیچہ وطنی ضلع ساہیوال: 0304-6464253
Zulfiqar Ali : 167 Kempton Road East-Ham Newhan E62 PD, Uk. Ph # 00447877816693

رابطہ بخاری اکیڈمی دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان
061 - 4511961
0300-8020384



© rasailojaraid.com